48954 ـ والد کی بیوی کی بیٹی سے شادی کرنا

سوال

ایك شخص نے ایك عورت سے شادی کی اور شادی کے وقت اس عورت کی ایك بیٹی تھی، اور اللہ تعالی نے ان دونوں کو اولاد سے نوازا تو کیا اس شخص کے کسی دوسری بیوی سے پیدا شدہ بیٹے کو اس عورت کی بیٹی سے شادی کرنے کی اجازت ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ اس لڑکے اور لڑکی کا رشتہ کے اعتبار سے آپس میں کوئی تعلق نہیں، وہ لڑکی اس کے لیے اور لڑکا اس لڑکی کے لیے اجنبی ہے.

چنانچہ آدمی کے لیے اپنے باپ کی بیوی کی کسی ایسی بیٹی سے دو کسی دوسرے آدمی سے پیدا شدہ ہو شادی کرنا جائز ہے.

کیونکہ اللہ تعالی نے جب محرم عورتوں کا نکاح میں ذکر کیا تو فرمایا:

اور تمہارے لیے اس کے علاوہ (باقی عورتیں) حلال کر دی گئی ہیں النساء (24).